# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 17 January-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۷؍جنوری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ میونسپل کارپوریشن انتخابات کے نتائج کی تصویر واضح؛ ریاست میں بی جے پی اور حلیف جماعتوں کا غلبہ۔

☆ مراٹھواڑہ میں بی جے پی نے تین‘ جبکہ کانگریس اور شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی نے ایک-ایک کارپوریشن پر حاصل کی کامیابی۔

☆ اِسٹارٹ اَپ انڈیا مشن نے مکمل کیے اپنے وجود کے 10 برس۔

☆ ہندو سماج کو طرزِ عمل کے ذریعے سماجی تبدیلی لانی چاہیے: RSS سربراہ کی اپیل۔

اور۔۔۔☆ دھنگر سماج کی جانب سے ریزرویشن کے حصول کی خاطر کیے جانے والے احتجاج کے پیشِ نظر جالنہ اور عنبڑ شہر میں کرفیو نافذ۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

ریاست کے 29 میونسپل کارپوریشن انتخابات میں بھارتیہ جنتا پارٹی‘ شیوسینا اور راشٹروادی کانگریس‘ ان حلیف جماعتوں کو سب سے زیادہ یعنی 23 شہروں میں کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ ممبئی میونسپل کارپوریشن انتخابات میں بی جے پی نے سب سے زیادہ 89 نشستیں اور شیوسینا نے 29 نشستیں حاصل کیں‘ جبکہ شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی نے 65 سیٹوں پر اور کانگریس نے صرف 28 مقامات پر کامیابی حاصل کی۔ راشٹروادی کانگریس پارٹی نے ممبئی میونسپل کارپوریشن انتخابات میں تین نشستیں‘ جبکہ راشٹروادی کانگریس پارٹی شرد چندر پوار کو صرف ایک نشست پر اکتفاء کرنا پڑا۔ ان انتخابات میں مہاراشٹر نونرمان سینا کو چھ نشستوں پر کامیابی ملی ہے۔

بی جے پی اور اس کی حلیف جماعتوں نے نئی ممبئی‘ پنویل‘ میرا بھائندر‘ تھانے‘ اُلہاس نگر‘ کلیان‘ ڈومبیولی‘ پونے‘ پمپری چنچوڑ‘ کولہاپور‘ اِچل کرنجی‘ اہلیا نگر‘ شولاپور‘ سانگلی‘ ناگپور‘ امراوتی‘ اکولہ‘ دھولیہ‘ جلگاؤں اور ناسک سمیت مراٹھواڑہ میں چھترپتی سمبھاجی نگر‘ جالنہ اور ناندیڑ میونسپل کارپوریشن انتخابات میں شاندار کامیابی حاصل کی۔

کانگریس پارٹی نے لاتور‘ بھیونڈی‘ چندرپور‘ جبکہ شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی نے پربھنی‘ بہوجن وکاس آگھاڑی نے وسئی-ویرار اور اسلام پارٹی نے مالیگاؤں میونسپل کارپوریشن انتخابات میں جیت درج کی ہے۔

***** ***** *****

وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مہاراشٹر کے شہریان نے قومی جمہوری اتحاد (NDA) کی بہتر حکمرانی کی پالیسی پر مہر ثبت کی ہے اور NDA کے ساتھ اپنے تعلق کو اور مضبوط کیا ہے۔ مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ اور ریاست کے نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے بھی ان انتخابات میں کامیابی پر بی جے پی اور شیوسینا کے کارکنان کو مبارکباد دی ہے۔

بی جے پی کے ممبئی دفتر میں منعقدہ ایک تقریب میں وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے جیتنے والے امیدواروں کومبارکباددی اوران سے اپیل کی کہ وہ عوام کے اعتماد پر کھرا اُتریں۔

وہیں کانگریس پارٹی ریاست میں سب سے بڑی اپوزیشن جماعت بن کراُبھری ہے۔ پارٹی کے ریاستی صدر ہرش وردھن سپکاڑ نے کہاہے کہ کانگریس10 مقامات پراقتدار میں شامل ہوگی۔وہ کل بلڈانہ میں بول رہے تھے۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ کے پانچ میونسپل کارپوریشنز انتخابات میں بی جے پی کوتین پر کامیابی ملی ہے‘ جبکہ کانگریس اورشیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کو ایک-ایک میونسپل کارپوریشن میں اکثریت حاصل ہوئی ہے۔چھترپتی سمبھاجی نگر کی 115 میونسپل سیٹوں پر بی جے پی کو 57 اورشیوسینا کو 13 نشستوں پر کامیابی ملی ہے۔وہیں شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی نے چھ سیٹیں‘ ونچت بہوجن آگھاڑی چار‘ کانگریس اوراین سی پی شرد چندر پوار پارٹی نے ایک-ایک نشست جیتی ہے۔

چھترپتی سمبھاجی نگرمیونسپل کارپوریشن میں مجلس اتحادالمسلمین(MIM) کوریاست میں سب سے زیادہ33 سیٹیں ملی ہیں۔قانون سازکونسل میں حزبِ اختلاف کے سابق لیڈر امباداس دانوے نے کہاہے کہ ان میونسپل کارپوریشن انتخابات میں وہ عوام کے فیصلے کا احترام کرتے ہیں۔وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگرمیں صحیفہ نگاروں سے بات کررہے تھے۔

***** ***** *****

بھارتیہ جنتا پارٹی نے جالنہ میں ہونے والے پہلے میونسپل کارپوریشن انتخابات میں اقتدار حاصل کرلیاہے۔65 رُکنی اس میونسپل کارپوریشن میں بی جے پی نے 41‘ اورشیوسینا نے 12 نشستیں جیتی ہیں‘ جبکہ کانگریس کو9‘ MIM دو اورایک نشست پرآزادامیدوار نے کامیابی درج کی۔

پربھنی میونسپل کارپوریشن کی 65 نشستوں میں سے اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کو25 نشستیں حاصل ہوئی ہیں۔ان انتخابات میں بی جے پی کے 12‘ کانگریس کے 12‘ این سی پی کے 11‘ اور باقی پانچ نشستوں پرآزادامیدوار جیتے ہیں۔

70 نشستوں والی لاتور میونسپل کارپوریشن میں کانگریس کو 43 نشستیں اور ونچت بہوجن آگھاڑی کو چارنشستوں پر کامیابی ملی ہے۔ان انتخابات میں بی جے پی نے22 سیٹوں‘ جبکہ راشٹروادی کانگریس پارٹی نے ایک سیٹ پر قبضہ کیا۔

وہیں ناندیڑ میونسپل کارپوریشن کی 81 سیٹوں میں سے بی جے پی نے سب سے زیادہ45 سیٹیں جیتی ہیں، جبکہ MIM نے 13‘ کانگریس 12‘ ونچت بہوجن آگھاڑی پانچ‘ شیوسینا چار‘این سی پی ایک اورآزادامیدوار نے ایک نشست پر کامیابی حاصل کی۔

مراٹھواڑہ میں میونسپل کارپوریشن انتخابات کے نتائج کے بارے میں بات کرتے ہوئے سیاسی تجزیہ کار نامدیو کراڑ نے رائے ظاہر کی ہے کہ رائے دہندگان نے اس بار اپنی روایتی وابستگی کوذہن میں رکھتے ہوئے ووٹ دیاہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگرمیونسپل کارپوریشن انتخابات میں کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا کے امیدوار ابھئے ٹکسال نے دعویٰ کیاہے کہ تین وارڈوں میں ووٹوں کی گنتی کے دوران ووٹنگ مشینوں پرتاریخوں میں فرق پایا گیاہے۔انھوں نے ریٹرننگ افسر سے ان وارڈز میں دوبارہ رائے دہی کا مطالبہ کیاہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

وزارتِ خارجہ نے اس برس کے عازمینِ حج کیلئے قواعد کی تکمیل کی آخری تاریخ میں 25 جنوری تک توسیع کردی ہے۔ وزارت نے یہ بھی وضاحت کردی یہ آخری توسیع ہے اور آئندہ کسی بھی صورت میں دوبارہ تاریخ نہیں بڑھائی جائیگی۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک میں نئے کاروباریوں کی حوصلہ افزائی کرنے والے ''اِسٹارٹ اَپ انڈیا مشن'' پہل نے گذشتہ برسوں میں ایک انقلاب برپا کیا ہے۔ اس پروگرام کو آج دس برس مکمل ہوگئے ہیں۔ اس موقع پر آج نئی دہلی میں بھارت منڈپم میں وزیرِ اعظم نریندر مودی کی خصوصی موجودگی میں ایک پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے وزیرِ اعظم نے کہا کہ بھارت آج دنیا کا تیسرا سب سے بڑا اسٹارٹ اَپ ایکو سسٹم ہے۔ انھوں نے کہا:

**Byte: Prime Minister Narendra Modi**

***** ***** *****

RSS سربراہ موہن بھاگوت نے ملک کی ہندو برادری سے اپنے طرزِ عمل کے ذریعے سماج میں تبدیلی لانے کی اپیل کی ہے۔ وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے گنگاپور میں ایک اجتماع سے خطاب کررہے تھے۔ ڈاکٹر بھاگوت نے اس موقع پر کہا کہ ہم کردار کے ساتھ ایک مضبوط معاشرہ بنانا چاہتے ہیں جس پر دنیا رَشک کرے اور اس کیلئے ہمیں اپنی فطرت اور طرزِ عمل کو اس کے مطابق بنانا ہوگا۔

اسی دوران بھاگوت نے راشٹریہ سویم سیوک سنگھ کی صدسالہ تقریب کے موقع پر چھترپتی سمبھاجی نگر کے MIT کالج میں منعقدہ یوتھ کنونشن میں رہنمائی کی۔ انھوں نے طلبہ سے اپیل کی کہ علم حاصل کرنے کیلئے وہ بیرونِ ملک جائیں، تاہم اس علم کو بھارت کیلئے استعمال کریں۔

***** ***** *****

دھنگر سماج کو درجِ فہرست قبائل (ST) کے زمرے میں شامل کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے ممبئی کے آزاد میدان میں کیے جانے والے احتجاج کے پیشِ نظر آج جالنہ اور عنبڑ شہروں میں کرفیو نافذ کردیا گیا ہے۔ جالنہ کی ضلع کلکٹر آشیما متل نے اس سلسلے میں احکامات جاری کیے ہیں۔ دھنگر سماج کے قائد دیپک بورہاڑے کو اس احتجاج کی اجازت دینے سے انکار کردیا گیا ہے۔ تاہم دھنگر سماج کے آج ان کے ساتھ ممبئی روانہ ہونے کی تیاری کے پیشِ نظر کرفیو نافذ کردیا گیا ہے۔ یہ کرفیو آج صبح پانچ بجے سے نافذ کیا گیا ہے جو آج رات 12 بجے تک جاری رہے گا۔

***** ***** *****

صحت عامہ اور خاندانی بہبود کی ریاستی وزیرِ مملکت میگھنا بورڈیکر نے کہا ہے کہ مہاراشٹر خواتین کیلئے ''مینوپاز کلینک'' شروع کرنے والی ملک کی پہلی ریاست بن گئی ہے۔ ریاست کے تمام سرکاری اسپتالوں میں یہ کلینکس شروع کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

## :::::سرخیاں::::::

**اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

☆ **میونسپل کارپوریشن انتخابات کے نتائج کی تصویر واضح ؛ ریاست میں بی جے پی اور حلیف جماعتوں کا غلبہ۔**

☆ **مراٹھواڑہ میں بی جے پی نے تین‘ جبکہ کانگریس اور شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی نے ایک-ایک کارپوریشن پر حاصل کی کامیابی۔**

☆ اِسٹارٹ اَپ انڈیا مشن نے مکمل کیے اپنے وجود کے 10 برس۔

☆ ہندو سماج کو طرزِ عمل کے ذریعے سماجی تبدیلی لانی چاہیے: RSS سربراہ کی اپیل۔

اور۔۔۔☆ دھنگر سماج کی جانب سے ریزرویشن کے حصول کی خاطر کیے جانے والے احتجاج کے پیشِ نظر جالنہ اور عنبڑ شہر میں کرفیو نافذ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل‘ پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****